ستر ہزار روپیہ تک سالیانہ ملا کرتی تہی اور نائب دیوان
ضلع کو لاکہہ سی کم نہین ملتی تہی لیکن سنہ سترہ سو ترانوی
سی کبہی ہندوستانی کو سو روپیہ مہینی سی زیادہ نہ ملا تہی
بہی نہین لارڈ کورن ویلس صاحب کا مطبوع خاص و عام ہی یہہ

گان لوگون کا ہی کہ اونسی ریاست ہندوستان کو منضبط کیا اور
اوسکی بند و بست وایسی سی باشندگان اس دیار کو منفعت کثیر
ہوئی ہاور اوسی سبب مروت و دانائی اونکی خلق اللہ کو اپنا شکر گزار
کیا صاحبان ڈایرکٹرز نی اوسکی سلیقہ و شعور سی خوش ہوکر حکم
دیا کہ اسکی صورت انڈیا ہوس مین رکہی جاوی اور انہین جب سی
کہ وہ ولایت ہند سی روانہ ہوئی بیس برس تک پچاس ہزار روپیہ
سالیانہ ملا

جان شور صاحب

انہتا ئیسوین اکتوبر کو جان شور صاحب گورنر جنرل مقرر ہوی
وہ نوجوان اہل قلم مین داخل ہو کر آئی لیکن بسبب ذی
ہوشی اور متانت فکر کی ہمسرون اپنی سی فوقیت حاصل کی
ایام بند و بست دہ سالہ مین اونہون نی ایک کتاب درباب
آمدنی اس ملک کی تیار کی تہی وہ واسطی ملاحظہ پٹ صاحب
وزیر اعظم انگلنڈ کی بہیجی ہوئی وہ اسکی کیفیت محققانہ اور
عاقلانہ سی جو اسمین درج تہی سخت متعجب ہو کر صاحبان ڈایرکٹرز

ڈایرکٹر کو ملاقات کی لئی لکهہ بهیجا اور اس اجتماع مین اونہون
نی یہہ بات تجویز کی کہ بعد لارڈ کورنوالیس کی یہہ شخص
مقرر ہووی چند روز بعد وہ عہدہ جیرونٹ پر سرفراز
ہوی ایک برس بعد اوسکی تقرر کی ولیم جونز صاحب جو حاکم
تیز فہم اور طالب علم نامی ہندوستان مین تہا چالیس برس کی
عمر مین مر گیا جان شور صاحب کو اوس کی بہت محبت تہی
اور اوسکی تذکرہ حیات کو جو بہت مشہور ہی اونہی تالیف کیا
سنہ سترہ سو بچانوی مین نواب مبارک الدولہ موئی اور
نظیر الملک بیٹا اسکا بجائی اوسکی مسند نشین ہوا اب کوئی
پروا نواب مرشداباد کی تقرر ہونیکی نہین کرتا تہا یہہ بات
کافی ہی واسطی غور کی کہ جسقدر روپیہ کہ باپ کو ملا کرتا تہا
وہی بیٹی پر جاری رہتا جان شور صاحب جو لارڈ ٹن موٹ
کا مقرر ہوا تہا پانچ برس تک ہندوستان مین حکمران رہا اور
اور کسی نوع کا فساد اس عرصہ مین واقع نہوا بعد اوسکی استعفا
داخل کیا کوئی حادثہ عظیم بنگال مین قابل تحریر کی ظہور مین نہ آیا

لیکن اوسکی آخر ایام اقتدار مین خرابی آنی لگی آثار رفاقت کی
لشکر مین سی جاتی رہی ٹیپو سلطان والی میسور نی در نامہ و
پیام فرانسیسون سی جو مخالف انگریزون کی تہی کہولا اور
اونسی استمداد کی داغ پایمالی و تباہی کا اوسکی دل سی جو
انگریزون نی پہلی لڑائیین اوسی دیا تہا نہ مٹا اور خواہان
مقاومت کا ہوا اور یہی اوسکی امید بندہی کہ وہ بمدد
فرانسیسون کی اہل انگلنڈ کو ہندوستان سی باہر کر دیگا
صاحبان ڈایرکٹر نی جمیع احوال غور کر کر ارادہ کیا ایک
مرد شجاع کو گورنر جنرل مقرر کرین اونہون نی لارڈ کورن
ولیس سی درخواست کی کہ وہ تجدیداً عنان ریاست اس
ملک کی اپنی ہات مین لیوی جسکو اوسنی اقبال کر لیا لیکن جب
سب تیاری اوسکی روانگی کی ہو رہی تہی کہ وہ وایسرائی
یعنی نائب بادشاہ ہوا اور ایرلنڈ کو گیا

مارکوئس ولیسلی

صاحبان ڈایرکٹر نی فوراً لارڈ مورنگٹن کو جسنی کہ بعد

بعد ازان مارکوئس ویلس لی کا لقب پایا تہا اس عہدہ جلیلہ
پر ممتاز کیا گورنر ویلیس صاحب کی بہائی نی انکو تربیت کیا
تہا اور آئین ہندوستان اکثر اوسکی مطالعہ مین رہی
تہی وہ کلکتہ مین اٹہارہوین مئی سنہ سترہ سو اٹہانوی کو وارد
ہوا اسمین دوربینی وشجاعت اور استقلالیت مزاج جنکا
ہیچ اوسوقت کی ہونا ضرور رہتا سب موجود تہین جبکہ سرانجام
امور ہندوستان کا اسکی ہات آیا تمام خوف وتشویش باب
ریاست کی مفقود ہوگئی اور سبکی تسلی وتشفی ہوئی وقت
ورود اوسکی کی ہندوستان مین اعتبار سرکار کا ایسا کم ہوگیا
کہ تمسکات روپیہ قرض کا جو کہ بارہ روپیہ فیصدی فی سال کی
سود پر لیا گیا تہا اوسکو چہار روپیہ سیکڑہ کی نفع پر بہی کوئی
نہین خریدتا تہا فوج بہت کم اور ناراض تہی سندیہ جانب
شمال سی انگریزون پر حملہ کا ارادہ کرتا تہا اور ٹیپو جنوب
سی اور فرانسیس آہستہ آہستہ ہندوستان مین زور پکڑتی تہی
اونہون نی جلد فوجکا انتظام کیا اور افسران فرانسیس کو

جسکی زیر حکم فوج کثیر حیدرآباد مین تہی نکال دیا اونکی فوج سی ہتیار
کہلوا دئی اور بجای اوسکی فوج انگریزی مقرر کی دفعۀ جنگ
ٹیپو سی واقع ہوئی کیونکہ وہ جمیع دشمنون سی سخت ترین تہا کونسل
مدراس بجائی اعانت کرنی لارڈ کورن ولیس صاحب کی اوس
سی سرکش ہو گئی وہ خود جلد بمبئی مدراس کو روانہ ہو گیا اور
اونکو اسطرح پیش آنی سی سرزنش کی اور انتظام جمیع کاروبار
کا اپنی ہات مین لیا ایک لشکر انگریزی جمع ہوا اور ستائیسوین
مارچ سنہ سترہ سو ننانوی ۱۷۹۹ کو ٹیپو پر ہم ہوئی وہ ایسی جلد چلی
گئی دار الخلافہ سارنگ پٹم چوتہی مئی کو قبضہ انگریزون مین آگئی
ٹیپو مقتولین مین سی پایا گیا تہا اور اسطرح سلطنت خاندان
حیدر کی گئی صاحبان ڈائرکٹر نی نوید اس جنگ کی سنکر علوفہ
پچاس ہزار روپیہ سالیانہ کا گورنر جنرل کی لئی مقرر کیا اکتوبر
سنہ سترہ سو ننانوین ۱۷۹۹ مین اول پروٹسٹنٹ مشنری سیرام پور
ضلع بنگال مین ڈاکٹر مارش مین اور وارڈ صاحب اور اونکی
مشارکین نی مقرر کیا ڈاکٹر کیری جسکو ہندوستان مین آئی ہوئی

چھہ برس ہوئی تہی اور ضلع مالدہ مین رہتا تہا جلد بسی انکا شریک
ہوا یہہ لوگ بانی سیرام پور مشن کی جو بہت مشہور رہی ہوئی
بڑا مطلب اونکی بنا سی یہہ تہا کہ جب عیسائیگا ہندوستان
مین تہا اونہون نی ایک چہاپہ خانہ بنایا اور اوس ہندوستانے
جس نی چارلس ولکن کو تیار کرنی حروف بنگالی مین مدد کی تہی
نوشش کر کر حروف جمیع اقسام اس ملک کی بنوائی اونہون نی
مہابہارت اور رامائن اور دوسری تصنیفات زبان
بنگالی کی چہپوائین اور مروجین اول اس زبان کی ہوئی اونہون نی
انجیل کا بنگالی اور سنسکرت اور دوسری زبانون ہندوستان
مین ترجمہ کیا اونہون نی پہلی پہل مدارس زبان بنگالی
کی کہولی اور انگریزون کو اونہین معتاد کیا انکو اس مشقت
اوٹھانی سی کچھہ عوض مطلوب نہ تہا بلکہ ایک بڑا حصہ آمدنی
اپنی کا اونہون نی اسطی ان مدارس کی صرف کیا اونہون
نی ترویج زبان بنگالی مین بہ نسبت اور لوگون کی بہت سعی
کی اور اول آدمیت اور ترقی اس ملک کی سیرام پور مین

ہوئی لارڈ ولزلی صاحب نے دیکھا کہ ملازمین اہل قلم زبان اس
ملک سے بخوبی واقف نہیں اسلئے اسنے سنہ اٹھارہ سو ایک میں شہر
کلکتہ میں مدرسہ فورٹ ولیم کی بنا رکھی جمیع صاحبان اہل قلم
ولایت سے آنکر اول اوسمیں داخل ہوا کرتے ہیں اور جب تلک
کہ وہ امتحان نہ دے لیتے اور کیفیت لیاقت انکی کی واسطے نوکری
سرکار کے نہ لکھی جاتی انہیں کوئی عہدہ نہ ملتا بہت بڑے بڑے
پنڈت اسمیں رکھے گئے اور تصانیف مختلف زبان بنگالی وغیرہ کو
جمع کر کر چھاپیں اور یہہ ایک نئی سلسلہ جنبانی واسطے ترقی
اس ملک کی ہوئی مرے ٹیٹ جو نامی فاضل اور سر رئیس ان
مدارس کا ہوا اور بسبب اپنی تجربہ و لیاقت کی اوسکو بہت
رونق دی صاحبان ڈائرکٹر نے تقرر اس مدرسہ کو منظور
کیا لیکن اونہوں نے کہا کہ اس کا خرچ بہت ہے اوسکو کم کیا
جاوے اور ایک مدت تک اسمیں سے طالب علم تحصیل بخوبی
کر کر نوکری سرکار میں داخل ہوا کئے اور شہر رئیس زبانوں
ہندوستان کے جاری ہوئے یہ بھی موجبات حضور بنگال ... ہاں نے دیا

رواج و ترقی پائی انجمن سی اول ہمین واجب ہی کہ نقرر سیرام
پوارشن اور مدرسہ فورٹ ولیم کو جسمین ڈاکٹر گلکرسی صاحب
پروفیسر اس زبان کا تھا اٹھارہ سو تین مین لارڈ ولزلی صاحب
کو سندھیہ اور ہولکر سی لڑائی درپیش ہوئی اوسنی تھوڑی
سی عرصہ مین اختتام پایا ان دونون سردارون نی زور آور
شکست پائی اور تباہ ہو گئی اور اونکی ملک مین سی اکثر مقام
قبضہ انگریزون مین آگئی ستمبر مین انگریز اول دفعہ دہلی [illegible]
تختگاہ مسلمانون پر مسلط ہوئی شہنشاہ جس سی مرہٹی بد
سلوکی کیا کرتی تہی انگریزون کی ہات لگا اور اونہون نی
پہر اوسی شہنشاہ کیا اور اسکو کچھ اختیار نہ دیا اور چودہ
لاکھ روپیہ سالیانہ واسطی اوسکی تجویز کیا اونہین ایام مین
راجہ ناگپور سی کچھ قضیہ ہو گیا اور لارڈ ولزلی صاحب نی
فوراً فوج اوسکی طرف روانہ کی مرہٹی ہٹ گئی اور اٹھارہ مین ستمبر
سنہ اٹھارہ سو چھ کو جگات [illegible] فتح انگریزی قائم ہو گئے
[illegible] کا بہہ اشتہار لیس پرسکی جسکو الہ ورد بتکا

[illegible]

نی آخر شن سلطنت اپنی کی جو الہ مرہٹون کو کر دیا تہا بنگالہ مین مل گیا
مجاورین پوری کی بہت سی تعظیم اور تکریم ہوا کرتی تہی بندوبست
شوالہ اور وہان کی تحصیل اور اوسکی صرف کا اونہین اختیار تہا
اور اون امور مین جو وہ مناسب جانتی سو کرتی تہی چند روز بعد
انگریزون نی واسطی زیادہ کرنی آمدنی کی بندوبست اوسکا
آپ لیا اور سرکار نی اوسکی آمدنی جمیع کی کچھ آمدنی میں سے
مجاورین شوالہ کو دیا اور باقی روپیہ داخل خزانہ عامرہ ہوا کتا
ایک قدیمی رسم تہی کہ لوگ اپنی اولاد کو گنگا ساگر مین بہینٹ
کرتی تہی لڑکون کو اس جزیرہ مین اونکی ماں باپ لیجا کر بعد پوجا
پاٹ کی سمندر مین پہینک دیا کرتی تہی اس عمل کو اگرچہ وہ اپنی
شریعت سی جانتی تہی لیکن اوسکا ذکر کہین شاستر مین نہ تہا
گورنر جنرل نی اس رسم کی ممانعت مین ایک قانون بیسوین
اگست سنہ اٹھارہ سو دو مین جاری کیا اور ایک کمپنی
سپاہیون کی متعین کی تاکہ وہ یہہ حرکت نکرنی پاوین اگرچہ
اس بات سی صاف مداخلت رسوم مذہبیہ اہل بلاد مین پائی

گئی تہی لیکن کچہہ غوغا و فساد اس ملک مین نہ اوٹہا بعد پچیس برس
کی جبکہ اونکی واسطی دور کرنی رسم ستی کی حجت پکڑ یا یہہ
بات دریافت ہوئی کہ وہ اوسکو بالکل بہول گئی تہی اور
اکثرون نی انکار کیا کہ وہ رسم ہماری یہان کبہو نہ تہی تواریخ
ہندوستان مین زمانہ اقتدار لارڈ ولزلی صاحبکا بہت
اچہا ہی جنگہای مختلفہ مین وہ مظفر ہوا اور سلطنت قدیمی جو
تہا ئی اوسکی فتح کر کرا ور بڑہائی اور پندرہ کروڑ چالیس لاکہہ
روپیہ کی آمدنی زیادہ ہو گئی لیکن جیسی آمدنی ہوئی ویسا ہی قرضہ
بڑہا صاحبان ڈائرکٹر اسکی تدابیر جنگ سی بہت ناخوش ہوئی
اور انکی یہہ بڑی آرزو تہی کہ کوئی بات ایسی تجویز ہووی جسسے
سی کر صلح ہو جاوی انکا یہہ ارادہ ہوا کہ فواید منافع جو ہمین حاصل
ہوئی تہی اونمین سی ہم کچہہ چہوڑ دین صاحبان کورٹ اوف
ڈائرکٹر اس بات سی ناواقف تہی کہ انگریز بغیر فتح کرنی تمام
ہندوستان کی وہان نہین رہ سکتی ہین وہ یہان تک ناراض ہوئی
کہ اونہون نی لارڈ ولزلی صاحب کی شکایت کی کہ اوس نی

خلاف آئین پارلمنٹ کی کیا تہا اوسنی دیکہہ کر کہ اب اسکا اعتماد
نزدیک صاحبان ڈائرکٹر کی نرہا تہا جواب انکی خط کا باجلاس
کونسل کی لکہہ بہیجا اور ترک کرنا حکومت کا قصد کیا سال
اٹہارہ سو پانچ کی انجام مین وہ ولایت کو جہاز مین سوار ہو گیا
وہ پارلمنٹ مین اور باہر اوسکی مطعون خاص و عام ہوا اور
موافق کلاو صاحب اور ہیسٹنگز صاحب اوسپر دعیون نی ہجوم
کیا لیکن اس سختی سی پیش نہین آئی اوس شعور آمیز اور پختہ تدابیر
اور فتح نمایان کا جسکی سبب سی انکی سلطنت ایسی بڑہ گئی تہی
یہہ ثمرہ تہا نہایت طرفہ ماجرا جو اس معرکہ مین آگی صاحبان
پارلمنٹ کی پیش ہوا یہہ تہا لارڈ موایرا صاحب نی اوسکو
ممتاز کی ہاوس اوف لارڈ یعنی عدالت امیرون مین کی اور
بیان کیا کہ فتوح اسکی غیر واجبی اور خلاف قوانین پارلمنٹ
کی نہین لارڈ موایرا صاحب تخمیناً دس برس بعد عہدہ گورنری
پر مقرر ہو کر جنگہای عظیم مین معروف رہا اور فتوح کہین
زیادہ ویلسلی کی سی جیسکا اوس نی اوسی الزام لگایا تہا کین

کین تدابیر واسطی انتظام وبندوبست کی ان لوگون سی جو کبھی
ہندوستان نہین رہی ہون اور وہان کی باشندون سی کار
وبار نکیا ہووی بہت مشکل ہی

مارکوس کورن ویلیس

صاحبان ڈائی رکٹرنی چاہا کہ جس طرح بنی صلح ہوجاوی اور
کہ ہماری خرچ مین کمی ہووی اونہون نی لارڈ کورن ویلس صاحب
کو پیش کیا کہ وہ عہدہ گورنر جنرل کا لیتا اگرچہ وہ بڈا ہتا لیکن
اوسنی قبول کیا اور جہاز پر سوار ہوا اور ننیسوین جولائی سنہ
اٹھارہ سو پانچ کو وہ کلکتہ مین داخل ہوا وہ یہان ٹہیرا
اور بمطلب صلح کرنی کی رئیسان ہندوستان سی روانہ
ممالک مغربیہ کا ہوا راہ مین اوسکی بیماری نی آہستہ
آہستہ زور پکڑا اور اوسی سال مین پانچوین اکتوبر کو غازی
پور مین مرگیا جب کہ صاحبان ڈائی رکٹر اس خبر جانکاہ پر
مطلع ہوئی اونہون نی واسطی اظہار ادب صاحب موصوف
کی چارلاکہہ روپیہ اسکی بیٹی کی نذر پکڑی

جارج بارلو اور لارڈ منٹو

جارج بارلو صاحب جو کونسلیون مین سی بڑا تہا بجائی اوسکی
گورنر جنرل مقرر ہوا تقرر اسکا اس عہدہ اعلی پر بمنظوری
صاحبان ڈایرکٹر ہوا تہا لیکن وزرائی شاہی نی انسی کہا
کہ اس عہدہ پر نصب کرنی کی ہم مختار ہین ایک بڑا معرکہ
رہا اور آخر کار لارڈ منٹو گورنر جنرل ہوئی ایام اقتدار
جارج بارلو مین کارکنان کمپنی نی چاہا کہ آمدنی جکتا بہت خود
لیوین اور اوسکا بندوبست آپ کرین وہان طرح طرح کے
رغبت انگیز باتین اختراع کین تاکہ لوگ کثرت سی اس شوالہ
کی تیرت کو آیا کرین اور آمد سرکار بڑہی وہی طور غیر برہم
سی کچہ زیادہ عرصہ ہوا کہ اب تک جاری ہی اکتیسوین جولائی
سنہ اٹہارہ سو سات کو لارڈ منٹو کلکتہ بین داخل ہوئی
اسکی ریاست اٹہارہ سو تیرا تک رہی لیکن کسی طرحکا
انقلاب عظیم امور بنگال مین واقع نہوا مگر محصول پرمٹ
جسکو لارڈ کورن ولیس لی صاحب نی سترہ سو اٹہاسی مین

موقوف کر دیا تھا اور اٹھارہ سو ایک مین پھر قرار پا گیا تھا
از سر نو معہ بندوبست جدید کی جو پیشتر سی بہت سخت تھا مقرر
ہوا تحصیل ملک استوار ہو گئی لیکن تجارت مین خلل پڑا اور
رعایا پر ظلم ہونے لگا اٹھارہ سو دسمین جزایر بوربون اور ماریشس
انگریزون نے فرانسیسیون سے لی اور دوسرے برس
مین جزیرہ جاوا ولندیزون سے لیا گیا اٹھارہ سو تیرامین میعاد سند کمپنی کی
جو صاحبان پارلمنٹ نے واسطے بیس برس کی دی تھی تمام ہوئی
اور اب ایک نئی سند بلی انقلاب عظیم بیچ کاروبار ملک کے
اسوقت مین کئی گئی قبل اس سے دوسو برس تک تجارت مابین
انگلنڈ اور ہندوستان کی صاحبان کمپنی کی ہوتی تھی اور انہین
بالکل اختیار تھا لیکن اب کمپنی جو کہ ایک گروہ صرافون کی
تھی مختار ہندوستان ہوئی اور یہہ تجویز ہوئی کہ صاحبان کمپنی
جو کہ حاکم اس ملک کی ہو وین تجارت نکرین صاحبان کمپنی فقط
حاکم رہی بموجب بندوبست جدید کی اور تجارت ہندوستان
کی سوداگری کیا کرتی تھی انگریز جو ملازم سرکار نہ تھی انہین اجازت

ہندوستان میں آنے کی بمشکل ملا کرتی تھی وہ وقت جاتی رہی
کیونکہ جن لوگوں کو صاحبان ڈائرکٹر اذن نہ دیتی وہ اونسکو
صاحبان بورڈ اوف کنٹرول سی حاصل کر سکتی تھی چوتھی اکتوبر
سنہ اٹھارہ سو تیرا مین لارڈ منٹو صاحب سلطنت ہندوستان
کو لارڈ موائرا کی جو بعد ازان مارکوس اوف ہیسٹنگز پکارا
گیا تھا تفویض کر کر خود راہی انگلنڈ کی ہوی لیکن گھر تک نہ
پہنچا تھا کہ اجل اونسکی آگئی

مارکوس اوف ہیسٹنگز

جبکہ لارڈ ہیسٹنگز اس ملک کی حاکم ہوی اونسنی دیکھا
کہ نیپالی آہستہ آہستہ ہماری ملک کو دباتے جاتی ہین اونسی
خاندان نی جو نیپال میں حکم راں تھا بسبب فتح صدی گذشتہ
کی اپنی سلطنت حاصل کی اور اپنی ریاست کو آہستہ آہستہ
بڑھایا اور بہت سی تنازع لارڈ منٹو کی وقت مین واقع ہوی
لارڈ ہیسٹنگز نی دیکھا کہ اب جنگ نیپال سی ضرور ہے
جہان تک اس سی بنا اوس نی صلح میں سعی کی لیکن

کستاخی اٹھانیان دربار کنٹ منٹو دسی وہ تنگ آیا اور سنہ
اٹھارہ سو چودا مین آمادہ جنگ کا ہوا پہلی لڑائی کچھہ اچھی نہوئی
تہی لیکن جنگ اٹھارہ سو پندرہ مین فوج انگریزی فتحیاب
ہوا اور جنرل اوکٹرلونی نی بہتا شکست فاحش غنیم کو دی نیپالی تنگ
ہو کر خواہان صلح کی ہوئی عوض اوسکی بہت سا ملک اپنے
سلطنت مین سی دیا پنڈاری وسط ہندوستان مین جو ایک
گروہ غارتگرین کا تہا گہوڑون پر سوار ہو کر ایک مدت سی
تمام ملک کو لوٹ رہی تہی اور جیسے روز سی مملکت انگریزی کا
جن بہی وسعت انداز ہوتی جاتی اوسکی کتنی راجہ اور سردار
اوس طرف کی تہی انکی لوٹ اب پانسو کوس تک پہیل گئی
اور سپاہ جو سال بسال بہ اہتمام اخراج ان غارتگرون
کی رکہی جاتی تہی خرچ اوسکا اتنا ہو گیا کہ حاکمین انگریزی کو
گران معلوم ہوئی انکا انجام کار یہہ تدبیر مستحسن اختیار کی کہ
ایک دفعہ ایسی کوشش کیجاوی کہ انکا استیصال اس
ملک مین سی ہو جاوی ہیسٹنگز صاحب نی ڈائرکٹرسی اجازت

اجازت لیکر احاطہ ثلثہ سی فوج جمع کی سپاہ نی ان قضاقون کو
اونکی مقامون پر گھیر لیا اور ایک ایک کو مارا اور اونکی تمام فرقون
کو برباد کر دیا جبکہ فوج انگریزی تعاقب پنڈاریون کا کر رہی تہی
پیشوا اور راجہ ناگپور اور ہولکر متفق ہوئی اور باُمید اخراج
انگریزون کی اس ملک سی انکی مقابلہ مین مستعد ہوئی لیکن ان
تمام سردارون نی شکست پائی پیشوا اور راجہ ناگپور مسند
ریاست سی اوتاری گئی اور ایک بڑا حصہ اس ملک کا سلطنت
انگریزی مین مل گیا یہہ تمام باتین زمانہ اقتدار مارکوس ہیسٹنگز
مین جسنی دس برس پیشتر مارکوس ولیسلی صاحب کی
انہین باتون کی سعایت کی تہی ہوئی انہین اگرچہ وہ بیست
برس کا تہا لیکن دانائی اور تدبر جو اسوقت مین درکار تہا
اسمین سب موجود تہا طاقت پنڈاریون اور مرہٹون کی بالکل
جاتی رہی اور انگریز تمام کشور ہند پر مسلط ہو گئی قبل زمانہ لارڈ
ہیسٹنگز کی کوئی ساعی واسطی تادیب و تعلیم رعایا کی نہوا
تہا یہہ بات زعم کی گئی تہی کہ تعلیم کرنا اونکا موجب زوال سلطنت

سلطنت ہماری کیا ہی اور انکی جہالت باعث ہماری قیام کی اس
سلطنت ہمیں کو لارڈ ہیسٹنگز نی رد کیا اوسنی کہا کہ سلطنت
انگریزی ہندوستان مین واسطی بہتری لوگون کی مقرر
ہوئی ہی اور یہہ غرض ہی کہ ہم انکی تادیب و تہذیب مین
سعی کرین ایک نئی بات انکی ایام حکومت مین [مدارس مقرر] واقع ہوئی
اور مساعی جمیلہ واسطی تعلیم و ترقی علم ہندوستانیونکی [کی]
کی گئی انیسوین صدی سنہ اٹھارہ سو اٹھارہ مین اخبار
ہندوستانی جو اب تک ہندوستان مین نہ چھپا تہا چھپا۔
خانہ سیرام پور مین مطبوع ہوا اور وہ سماچار درپن کر
مشہور ہوا جبکہ لارڈ ہیسٹنگز پاس اوسکی ایک
نقل گئی اسکو دیکھکر اوسی اس بات کی کچھ تشویش
نہوئی کہ باشندگان اس ملک کی بسبب اوسکی بہت
ہوشیار ہو جاینگی بلکہ اوسی صاحبان کونسل کنی لی گیہ
اور حکم دیا کہ یہہ جو تہا محصول ڈاک پر ارسال ہوا کری
اوسی وقت مین یہہ کلکتہ کی کالج سکول بک سوسائیٹی اسی لی

ہیسٹنگز صاحب سی مقرر ہوئی اور ڈبلیو بی بیلی صاحب اور کیری
صاحب بہت اسمین ساعی تہی انہین ایام مین بیچ دار الریاست
کلکتہ کی ایک مدرسہ سوسیٹی کا واسطی تربیت ہندوستانی
لڑکون کی مقرر ہوا اور جنیفر امین جی صاحب نی ایک بڑا
مدرسہ واسطی تعلیم باشندگان اس ولایت کی انکی اپنی زبان
مین کہولا اور سیرام پور مین سیرام پور مشنری نی بیچ تقرر ہندو
کالج کی ایڈوارڈ وائیڈ السن صاحب اور ہیرنگٹن صاحب
اور ڈیوڈ ہیر صاحب نی بہت کوششین کی اور اسمین ہزارون
ہندوستانی زبان علوم انگریزی سی بہرہ مند ہوئی مارکوس
ہیسٹنگز صاحب کی اوس فیض نی طبایع انگریزون و ہندوستانیون
پر اثر کیا اور مدارس جنکا وجود چند سال پیشتر تصور مین بہی
نہ تہا اب ظاہر ہوئی اور خدمت انکی کمال فیاضی سی ہونی
لگی اٹھارہ سو تیئیس مین لارڈ ہیسٹنگز صاحب ہندوستان
سی روانہ ہوگئی اسکی بڑی اہتمام کوشش سی جو حد قریب [illegible]
مین علاقہ کمپنی بڑہ گیا اور آمدنی زیادہ ہوئی اور قرض گہٹ گیا

گیا ہندوستان مین کبھی ایسی رونق نہوئی تھی خزانہ معمور تھا اور آمدنی خرچ سی قریب دو کروڑ روپی سال کی زیادہ ہونی لگی تھی

لارڈ امہرسٹ

جارج کننگ وزرائی شاہی مین سی کمال عقل و فراست رکھتا تھا اور حاکم اول بورڈ اوف کنٹرول کا تھا اسکو ہندوستان سی خوب واقفیت تھی بعد مستعفی ہونی لارڈ ہیسٹنگز صاحب کی وہ گورنر جنرل مقرر ہوا جبکہ سب تیاری اوسکی آنیکی ہو چکی تھی کہ ایک اسکی شرکا مین سی مر گیا اور وہ درجہ اعلی پر انگلستان مین نصب ہوا صاحبان ڈایرکٹرز نی لارڈ امہرسٹ کو جو دس برس پیشتر شاہ انگلنڈ کا سفیر ہوکر پیکین کو گیا تھا گورنر جنرل کرکی ہندوستان کو روانہ کیا اس روانگی ہیسٹنگز صاحب کی سی تا آنی لارڈ امہرسٹ صاحب کی پہلی اگست سنہ سترہ سو تیس کی کلکتہ مین جان آدم حاکم اول کونسل کا رہا کار گورنری کا کرتی رہی یہہ اپنی ایام اقتدار مین مزاحم چھاپہ خانہ کا ہوا اور یہہ

تجویز اسکی اقبح تہی لارڈ امہرسٹ نی کلکتہ مین آنکر دیکہا کہ اسی فوراً
لازم ہی کہ اہل برما کو زجر و توبیخ کری خاندان جو وہان مسلط
تہا انہون نی انہین دنون مین تختگاہ اوا کو جسپر کہ انگریز بنگالہ
مین پہلی پہل قابض ہوئی تہی لی لیا تہا فتح سنی پور و آسام سے
شعلہ غرور و نخوت دماغ شاہی مین روشن ہوا اور یہہ خیال ہوا
کہ وہ بنگالہ تک فتح کرنا جب اسمین اور انگریزونمین صلح تہی وہ
کچہہ فوج علاقہ کمپنی مین جو طرف کچار اور ایریکان کی تہا لیگیا
تہا اوسنی جزیرہ شاہ پوری پر جو زیر دریای ٹیک ناف کی
تہا حملہ کیا اور تہوڑسی سپاہی جو وہان رہتی تہی اونہین
تہ تیغ کیا جب اس سی آوا مین سبب اسکا دریافت کیا گیا
اوسنی گستاخانہ جواب دیا کہ مین جزیرہ مذکور کو خود رکہتا
اور در صورتیکہ مجہی اوسمین دخل نہوگا تو مین بنگالہ پر تاخت
کرونگا پانچوین مارچ سنہ اٹہارہ سو چوبیس مین بسبب
اس شرارت اور زیادتی کی گورنر جنرل مستعد جنگ کا
اہل برما سی ہوا کیا روین مئی کو فوج انگریزی علاقہ شاہ بر اوتر ٹین

اوتري اور بندر رنگون پر قابض ہوگئي تھوڑي عرصه مين اضلاع
آسام اراکان اور کناره مرگيو کو بھي لي ليا اب سپاه انگريزي
آہسته آہسته سلطنت اوا کو بڑھي اور راه مين جتني قلعه اور
شہر تھي ان پر آپ قابض ہوگئي اور فوج اہل برما کو بارہا مغلوب
کيا شروع سنه اٹھاره سو چھبيس (١٨٢٦) مين سپاه انگريزي اميرا
پور سي چند منزل ره گئي تھي بادشاه ني اپني تختگاه کي حفاظت
کي ليئي شروط مطلوبه صاحبان انگريز کو منظور کر ليا اور صلح ہوگئي
اور نام اسکا صلحنامه ياندابو ہوا اس معاهده مين اہل برما ني ملک
آسام اراکان اور تمام کناره مرتبان حواله انگريزون کي
کر ديا اور ايک کروڑ روپيه ديني کا جو لڑائي مين انکا خرچ ہوا
تھا اقرار کيا جب انگريز اہل برما سي لڑ رہي تھي که ايک فساد
درجن سال سردار بھرت پور اور مادھو سنگه اسکي بھائي جو
چاہتي تھي که اپني بھتيجي بلونت سنگه کو جو خورد سال تھا مسند
رياست سي اوتار دين اور آپ حاکم ہو جاوين اوٹھايا چارلس
منکف صاحب ني درجن سال کو بہت سي فہمايش کي ليکن اوسي

کچھ مفید نہوئی اور یہہ بات معلوم ہوئی کہ اب جنگ کرنی ضرور
ہی تسخیر اس مقام کی بہت دشوار ہی سن اٹھارہ سو پانچ
مین لارڈ لیک نی اوسکو محاصرہ کیا اور انگریزون کی سردار
اور سپاہی کسی جنگ ہندوستان مین اتنی نہین مارےگئی تھی جتنی
اس محاصرہ مین ہلاک ہوئی اگرچہ راجہ نی بسبب محاصرہ اٹھا
ڈالنی کی بیس لاکھ روپیہ انگریزون کو دئی تھی لیکن پھر بھی وہ
قلعہ اونکی قبضہ مین نہ آیا حقیقت مین یہی ایک قلعہ مشہور تھا
کہ انگریز باوجود محاصرہ کی اوسکو نہ لی سکی اور تمام ہندوستان
مین یہہ مشہور ہو گیا کہ وہ اوسکو تسخیر نہ کر سکینگی مگر اوسکی
ایک کچی بڑی آثار کی فصیل تھی اور نیز اوسکی ایک چوڑی
خندق اگرچہ ایک بڑی فوج برابر لڑتی رہی تھی تسپر بھی ایک
لشکر بیس ہزار آدمی کا اور سو ضرب توپ اس قلعہ پر گئی اور
تمام ہندوستان منتظر تھا کہ کیا بات ظہور مین آتی ہی غرض [illegible]
دسمبر کو جنگ شروع ہوئی اور اٹھارہ دین جنوری سنہ اٹھارہ
سو چھبیس مین لارڈ کمبرمیر کمانڈر انچیف اس جگہہ پر قابض ہو گئی

ہو گئی در جن سال کو انگریزوں نے پکڑ کر قلعہ الہ باد کو روانہ
کیا جنگ برما اور بہت پور مین سرکار شیراؤن کرڑوڑ روپیہ
سے زیادہ کی قرض دار ہو گئی سنہ اٹھارہ سو ستائیس مین لارڈ
لارڈ امہرسٹ نے اضلاع مغربیہ کا دورہ کیا اور دہلی مین آ کے
گفتگو دوضابع واطوار حکومت انگریزی شاہ دہلی سے ہوئی
گورنر جنرل نے صاف کہدیا کہ اب انگریز کسی نوع سے زیر
دار خاندان تیموریہ کی نہین ہین اور کہ ہم تاجدار ہندوستان
کی ہین ستاٹھہ برس بعد جنگ پلاسی کے اسطرحکا کلام انگریزون
نے کیا خاندان شاہی یہہ بات سنکر نہایت غمگین ہوا اور انہون
نے خیال کیا کہ مرہٹے اگرچہ ہمسے کمال گستاخ تھے لیکن اونہون
نے کبھی بادشاہت ہندوستان کا دعوی نکیا تھا اور ہمین
بلقب شاہ ہند کرتی تھی اور اب خاندان ہمارا لیسی سلطنت
ہمیشہ کو گئی اہل اس دیار کو اس بات سے کچھہ رنج نہوا

لارڈ ولیم بنٹنک

لارڈ امہرسٹ نے سلطنت ہندوستان کو ولیم بنٹنک ورڈبیلی کی

تفویض کرکر آپ آخر مارچ سنہ اٹھارہ سو اٹھائیس کو طرف
انگلنڈ کی روانہ ہوی جب انگلنڈ مین اوسکی مستعفی ہونیکی خبر
پہنچی لارڈ ولیم بنٹنک صاحب نی واسطی اس عہدہ کی حقوق
اپنی آگی صاحبان ڈائرکٹر کی ظاہر کئی کہ مین زیادہ بیس برس
سی بیچ مدراس کی گورنر تھا لیکن دفعتہ بغیر مصلحت سی بھی تبدیل کرکے بلالیا
تھا اوس وقت مین اونہون نی اوسکی دعوی کو تصدیق کر لیا اور
اوسی اٹھارہ سو ستائیس مین گورنر جنرل مقرر کردیا یہہ بات
جاننا چاہئی کہ انگلنڈ مین سوای دو چار آدمیون کی اور کوئی لائق
اس عہدہ جلیل کی نہ تھا لارڈ بنٹنک صاحب چوتھی جولائی
سنہ ۲۸ء مین بیچ کلکتہ کی داخل ہوئی آمدنی جسکو عرصہ چھہ
برس کا ہوا تھا کہ لارڈ ہیسٹنگز اچھی حالت مین چھوڑ گئی تھی
اوسکی اب صورت کچھہ اور ہو گئی تھی قرض بہت ہو گیا تھا اور
خرچ آمدنی سی زیادہ قبل اپنی روانگی کی لارڈ بنٹنک نی صاحبان
ڈائرکٹر سی اقرار کیا کہ مین اخراجات مین کمی کرونگا اس لئی
آتی ہی دو کمیشیان بمطلب دریافت کرنی حال خرچ عدالتون اور

اور سپاہ کی مقرر کین اور اونہین کہہ دیا کہ معلوم کرو کہ کسقدر
کمی ہو سکتی ہی حقیقت مین یہہ بات بہت ناپسند ہی جن
لوگونکا بسبب کمی کی لارڈ بنٹنگ کی نقصان ہوا اونہون نی
کلام دشنام آمیز اوسکی حق مین بہت سی کہی کیونکہ اس نی احکام
صاحبان ڈائرکٹر کی تعمیل کی تہی جو اہلکار کہ واسطی تخفیف
خرچ ملک کی معین ہوگا اسکی سب شکایت کرینگی اور کوئی اوس
سی راضی نہوگا لیکن زمانہ آیندہ مین اسکا انصاف کرینگی با
وجود اس شور و غل کی جو لارڈ بنٹنگ صاحب پر ہو رہا تہا
اوسنی کچہہ تامل نکیا اور اپنی کام کو بدستور کئی گیا آخر کو اسنی
خرچ سرکار گہٹایا اور ادای قرضکی ارادہ کر وہی سرکار کتنی ہی
برس سی دریافت رسم ستی اور مدت اوسکی رواج اور تعصب
اہل مذہب کی درپی تہی اکثر نوکران سرکار بی نی لکہا تہا کہ اہل
دیار اس رسم کو بہت عزیز جانتی ہین اور اسکا موقوف کرنا خوب
نہوگا لارڈ ولیم بنٹنگ نی بعد داخل ہونیکی ہندوستان مین
اسقدمہ مین بہت سی غور کی اور اوسکی نزدیک یہہ بات محقق

ہو گئی کہ موقوف کرنا اوسکا کچھ مشکل نہین ہی سپریم کونسل نی بھی
اوسکی رای کی مطابقت کی چوتھی دسمبر سنہ اٹھارہ سو انتیس مین
یہہ حکم جاری کیا جس سی کہ وہ رسم ظلم و بی رحمی کی جاتی رہی بہت سی
مشہور و معزز اس دیار کو اس کار نیک سی خفگی اور نارضامندی
بہت ہوئی کیونکہ مداخلت ہماری رسومات مذہبیہ مین ہی اور
اس آئین کی منسوخی کی لئی گورنر جنرل کو درخواست دی لارڈ
بنٹنگ صاحب دلیل قوی موقوف کرنی اس رسم مین لایا اور
انکی عرضی کو پھیر دیا اوسنی اونہین سمجھا دیا اگرچہ سرکار نی اس حکم سے
انکو جسکی سبب سی سیکڑون آدمی ہلاک ہوتی تھی موقوف کی
لیکن ہمنی طریقہ مساوات سی جو ہماری عادت قدیمی ہی تجاوز نہین
کیا انہین ایام مین ایک دوسری گروہ متمولین نی جسکا سرغنہ
دوارکانا تھہ ٹاگور اور رای کالی ناتھہ چودہری تھی اس کار خیر
کی شکر گذاری مین ایک عرضی گورنر جنرل کو پیش کی وہ لوگ جو
جاری رہنی مین اسکی بین ساعی تھی اونہون نی دہرم صبا مقرر
کی یعنی ایک گروہ نی کلکتہ مین متفق ہو کر کچھہ روپیہ جمع کیا اور ایک

ایک انگریز کو شامل کرکر انگلنڈ کو روانہ کیا اور ایک عرضی دربار
جاری رہنی اس رسم کی اوسکی حوالہ کی تاکہ حضور و بروی صاحبان
کونسل کی پیش کری لیکن وزرای شاہی نی تمام باتین جو بابت اس
رسم مین کہی گئین تہین سنکر حکم ہونی سنی ہونیکا بحال رکہا
اس رسم کو موقوف ہوئی نو برس ہوئی اور کچھہ علامت مخالفت
کی نہین پائی گئی اب لوگ اس رسم دیوانگی کو بہول گئی ہین اور
مردمان زمانہ آیندہ اس حال کو تواریخ مین دیکہکر شاید باور
کرین اٹھارہ سو اکتیس مین بڑا انقلاب عہدہ والون دیوانی مین
واقع ہوا الی الان باشندگان اس دیار کو تنخواہ قلیل ملا کرتی
تہی اور وہ مقدمات خفیفہ کا فیصلہ کیا کرتی تہی لیکن لارڈ بنٹنک
ولیم نی چاہا کہ اونکی مشاہری بڑہی ہون اور اسطرحکا ہندستانیون
کا رتبہ بلند ہو سال مذکور مین تنخواہ اور حکومت منصفون
اور صدر امینون کی بڑہ گئی اور ایک نیا گروہ اہلکارون کا
ملقب بہ پرنسپل صدر امین یعنی صدر الصدور مقرر کیا ان کا
مشاہرہ بڑہ گیا اور اختیار دیوانی مین بہت ہو گیا ہمسدہ

رجسٹری اور عدالت اپیل موقوف ہو گئین اور علاالنیمہ
جنمین ہندوستانی حاکم تہی اور عدالتین صاحبان ضلع جج اور
صدر دیوانی عدالت فقط باقی رہگئین یہہ نیا بندوبست جدید کے
جسکی آٹھہ برس سی بہت ترقی ہو رہی ہی غرض وضع اس بندوبست
سی یہہ ہی کہ اول ہندوستانی مقدمات کی سماعت کرین اور
انہین فیصلہ کر دین اور انگریز فقط مرافعہ اونکی احکام کا سنین
لارڈ ولیم بنٹنک نی عدالتون فوجداریمین بہی بہت سی درستی
کی ابتدا مین صاحبان سرکٹ یعنی عدالت دایر سایر چہہ مہینہ
مین ایکبار اجلاس کیا کرتی تہی بعد ازان صاحب کمشنر کو
تعلق اس عدالت کا ہوا اور دو تین مہینی مین ایکبار تہہ اجلاس
دایر سایر کیا کرتی تہی انجام کار یہہ ہوا کہ صاحب سشن جج
ہر مہینی مین ایک بار اس عدالت مین بیٹھہ نی لگا اور اسواسطے
تکلیف قیدیون اور گواہون کی کم ہو گئی اس مختصر کتاب مین
بیان اون بہبودیون اور آسودگیون کا جو زمانہ لارڈ بنٹنک
مین ہوئین نہین ہو سکتا ہی حاصل اون سب باتون کا یہہ تہا کہ

که هندوستانیون کی ترقی هو اور کار سرکار بآسانی هونی لگی
اٹهاره سو اکتیس مین رام موهن رای ولایت کو روانه هوا
بنگاله مین بعد ایک مدت مدید کی یهه ایک شخص اب صاحب علم و
صاحب فهم پیدا هوا اور ایک مدت تک بنگاله مین رها وه قوم کا
برهمن تها انگریزون کی سلطنت مین وه عهده های جلیل پر ممتاز
هوا اوسنی زبانون بنگالی و فارسی و سنسکرت اور انگریزی خوب
واقف تها اور دل اسکا مخزن جمیع علوم تها اوس نی بهت
هی کوشش کی که اوسکی هم وطن پرستش دیوتاؤن و دیوتون
سی باز رهین اور که وه بی آمیزش کسی بات کی اصل ودّیا پر گر
کرین لیکن یهه ماجرای عجیب هی که اوسکی هم وطنون نی اس
پر گمراهی کا اطلاق کیا اگرچه هندو اب تک دعوی کرتی هین
که همارا اصل ودّیا پر هی لیکن وه لوگ بهی جو اس سی مخالفت
تهی اوسکی استعداد پر تحسین و آفرین کیا کرتی تهی اور وه فخر
جانتی تهی که ایسا شخص هماری ملک مین پیدا هوا اوسکا اوپر
بیان هو چکا هی که بزرگی بادشاهی خاندان تیموریه کی لارڈ امهرست

کی وقت سی جاتی رہی تہی بادشاہ کو آرزو یہی کہ عزت وہ رتبہ
جو سابق مین اسکو تہا پہر حاصل کری اور اس لئی اوس نی حاکمان
ولایت سی رجوع کرنی چاہی اوس نی رام موہن رای کو اس
مقدمہ مین وکیل کیا اگرچہ جہاز پر سوار ہونا زمانہ سابق مین مذہب
ہنود مین معیوب نہ تہا لیکن کلجگ مین اوسکو برا جانتی ہین اور
جو یہہ کلام کرتا ہی اوسکو برادری سی خارج کرتی ہین رام موہن رای
پہر نقش اپنی ہم وطنون کی خیال مین نہ لایا اور جہاز پر سوار
ہوکر ولایت کو گیا اور وہان اوسکی بہت عزت و توقیر ہوئی
جس مطلب کی لئی وہ گیا تہا نہوا حاکمین ولایت نی بزرگی
خاندان تیموریہ کا جسکو اونہون نی تیس برس سی کچہہ علوفہ
احسانًا مقرر کر دیا تہا انکار کیا لیکن رام موہن رای نے
خاندان مذکور کی آمدنی مین تین لاکہہ روپیہ زیادہ کروادی
وہ قبل مراجعت کی مر گیا اور برسٹل مین مدفون ہوا
تیسوان سال اونیسوین صدی کا تواریخ بنگال مین بہت
عجب ہی اسی برس کمپنی کو ٹہیون کا دوالا نکلا یعنی اونہین کی

۱۸۳۴

بمبئی اور چین کی پچاس برس سی جاری تھین اٹھارہ سو تینتیس مین
پارلمنٹ اور کمپنی کی کھوٹھی بند ہوی اور باقی پانچ تین چار برس تلک
کھلی رہین لیکن انجام کار وہ بھی بند ہو گئین اور لوگون کو سولہ
کروڑ روپی کا نقصان ہوا دو کروڑ روپیہ بھی اس اسباب
کی جو باقی رہ گیا تھا وصول نہوا اسی سال مین بعد انقضای
بیس برس کی کمپنی نی ٹھیکہ از سر نو لیا اس حیثیت سی تبدیلیان
کار و بار اس ملک مین ہو گئین تجارت کمپنی ہندوستان سی
موقوف ہو گئی اور حکم ہوا کہ اون کی کوٹھیان بیچی جاوین
اور تجارت چین کی بھی جو بیس برس تک صرف وسیلہ اونکی
گذران کا تھا لاچار ہو کر چھوڑ دی حاصل کلام یہہ ہی کہ انھین
جز اخوی تجارت کو جسکی وہ دو سو برس سی عادی تھی بھی ترک
کرنا پڑا اور فقط حکومت ہندوستان پر مکتفی ہوئی جو اختصاص
کہ بیچ انگلستان کی کمپنی مین داخل تھی اونکی لئی یہہ حکم ہوا کہ
چھتیس لاکھ روپیہ سالیانہ آمدنی ہندوستان مین سی چالیس
برس تک لیا کرین اور سب چھوٹی بڑون نی اس بات کو برا

جاتا ایک گروہ واضعین قانون کا کلکتہ مین مقرر ہوا اسمین تمام
اصحاب کونسل اور ایک شخص اور جو نوکر سرکار نہ تہا داخل ہوے
یہہ لوگ تمام ہندوستان پر حکمران اور دستور سپریم کورٹ
کی درست کنان تہی چند اشخاص واضع قوانین ہندوستان کی
مقرر ہوی اور لقب لاکمشن کا پایا گورنر جنرل تمام ہندوستان
مین حاکم اعظم تہی اور دوسری احاطی اوسکی محکوم رہے
احاطہ بنگال کی دو ٹکری ہو گئی ایک کلکتہ دوسرا آگرہ یہہ انقلاب
عظیمہ اس اجارہ جدیدہ مین ہوئی بیچ زمانہ اقتدار لارڈ بنٹنک
کی بہت سعی واسطی تربیت لوگون کی ظہور مین آئی خصوصًا
زبان انگریزی کی پہیلانی مین سنہ اٹہارہ سو تیرہ مین صاحبان
پارلمنٹ نی ایک لاکہہ روپیہ آمدنی سرکار سی واسطی ترقی
علوم اور تربیت رعایا کی مقرر کیا تہا تمام یہہ روپیہ سکہلانی
علوم سنسکرت اور عربی مین رایگان صرف ہوتا تہا کیونکہ
کہ لوگون کو تعلیم ان دو نو باتون سی کچہہ تہذیب وتادیب
حاصل نہوئی لارڈ ولیم بنٹنک نی سکہلانا زبان انگریزی کا اہتمام

مدارس انگریزی مین بہت سا روپیہ علاوہ اس روپیہ کی
جسکو صاحبان پارلمنٹ نے مرحمت کیا تھا خرچ کیا اوس نے حکم
دیا کہ طلبا نو وظیفہ خوار مدارس سنسکرت و عربی مین بجای
طلبا تنخواہ یاب سابق کی داخل نکیے جاوین اون سے اور دوسرے
باعثون سے خواہش سیکھنے زبان انگریزی کی تمام ہندوستان
مین ہو گئی اوسکی اعمال حسنہ مین سے ایک یہہ تھا کہ اوسنے مدرسہ
طب واسطے تعلیم ہندوستانیون کی کلکتہ مین جسکا خرچ بہت
تھا مقرر کیا ہے و فی الحقیقت ہر علم کی جو واسطے ترقی ہندوستانیون
کی فن جراحی و طبابت مین ضرور تھی رکھی گئی فائدہ جو تقرر اس
مدرسہ سے ہوگا قیاس سے باہر ہے لارڈ بنٹنگ کی وقت مین سیونگ
بنک کلکتہ مین مقرر ہوا تا باشندگان اس دیار کی اسراف
سے بچین اور طریقہ اعتدال پر چلین اور یہہ بات بخوبی بن آئی
اب لارڈ بنٹنگ صاحب متوجہ طرف درستی محاصل سایر کی
ہوئی یہہ بات مدت سے رایج تھی کہ تمام اجناس جو کہ ہندوستان مین
پیدا ہوتی تھین بے محصول دئے ایک جاے سے دوسری جاے نہ

نہ جا سکتی بغیر کچھ بیان پرمٹ کی راہ ہای خشکی و تری
سی آمد و شد لوگون کی کثرت سی ہنگامی تھی رہتی تھین اور افسر و اسباب
اسباب کی مقرر رہوی تھی اس طرح آمد سرکار بسبب مداخلت کرنی
کی تجارت مین زیادہ ہو گئی لیکن افسر ان پرمٹ محصول سرکار
سی دو چند روپیہ آپ لیا کرتی تھی حقیقت مین ان عاملین نی
اس ملک مین ایسا ظلم کیا کہ اس ضابطہ کو ایک انگریز نی جو
اس علاقہ مین داخل تھا اور علم و دانش سی بہرہ کافی رکھتا تھا
تعبیر بالفاظ دشنام کیا جب انگریز خود منصرم امور سلطنت کی
ہوئی اور سلسلہ نو ٹکا اختیار جاتا رہا انہون نی خراج کو بدستور
پایا اور بطور سابق اوسکو بحال نہ کیا لارڈ کورن والیس صاحب نی جنہی
جو ایکبار دعا کی ہمت تھا ان خرابیون کو جنہین اہل دیار متحمل ہو
رہی تھی ملاحظہ کیا اور سترہ سو اٹھاسی مین کچھ بات پرمٹ
کو یک قلم اضلاع اندرونی سی موقوف کر دیا اور اس قاعدہ
کا بالکل رواج جاتا رہا بعد تیرہ برس کی جب صاحبان انگریز
کو خواہش اس بات کی ہوئی کہ آمدنی سرکار مین توفیر ہووے انگریز

سن لگی اس قاعدہ نی پہر قرار پایا لارڈ ولیم بنٹنگ نی واسطی
دریافت کرنی حقیقت اس ضابطہ کیسی لای بڑی ڈیلن صاحب
کو جو اہالیان سرکار بنگالہ مین داخل تہا مقرر کیا اور کہدیا
کہ بعد دریافت کماینبغی کی کیفیت اوسکی لکہہ بہیجی بعد اوسکی
اونسی ایک کمیٹی تجویز کی تا کہ وہ کوئی تدبیر واسطی دور کرنی
محصول کی نکالین اگرچہ اوسکی زمانہ مین اس بات نی درستی
نہین پائی ہی لیکن بسبب تحریک کرنی اوسکی کی اول اس
مقدمہ مین وہ مستحق آفرین وتحسین کا ہی لارڈ ولیم بنٹنگ
کو ابتدا حکومت اپنی سی خواہش جاری ہونی جہاز دخانی
کی بیچ سمندر اور دریای بنگالہ کی بہت تہی اور اسمین
اونسی بہت سعی کی جہانتک اس سی بنا اوس نی کوشش
کی کہ انگلستان و ہندوستان مین ماہ بماہ آمد و رفت
ہوجاوی لیکن ہمراہ [illegible] اوسکی سنگ راہ ہوئی اور
اوسی بار ہا سرزنش کی کہ اوسنی جہاز ہیو لنڈسی کو مابین بمبئی
بسوی بحر [illegible] کی تہیلی لی جانی کی واسطی مقرر کیا تہا

لارڈ بنٹنک صاحب نی کوہرٹ اوف ڈائی رکٹرسی کہہ کر سٹیمر
یعنی جہاز دخانی بنوا ہی جو کہ دریاؤن بنگال اور اضلاع مغربی
مین جاری ہو ہین انگریزون اور ہندوستانیون کو بسبب اونکی
بہت مفاد ہوا ہی اور وہ سابق سی دو چند شمار مین ہو گئے
اور توقع ہی کہ ایک زمانہ مین وہ اس افراط سی ہو جاینگی جیسی
انگلنڈ اور امریکا مین اب ہین۔ یہہ زمانہ لارڈ ولیم بنٹنک کی
جو مارچ سنہ اٹھارہ سو پینتیس مین تمام ہوا فساد کسی نوع کا دشمنان
اطراف سی ظہور مین نہ آیا تہا اونکی وقت مین امن و چین رہا
اور رعایا کی بہت ترقی ہوئی کیفیت نظم و نسق کی بھی تفصیل نتایج
تدابیر کی جو اونہی کی تہین کما حقہ معلوم نہین ہو سکتا ہی بعضی
باتون اونکی مین شاید قصور عقل ہو لیکن جو اوسکی دورہ حکومت
مین جو احوال بیچ سلطنت عظمیہ کی واقع ہوی ان کا ذکر تواریخ
سی ظاہر ہوگا اور ہندوستانی اوسکی نام کو ساتھ نیکی کی یاد کرتی
ہین فقط

[illegible]

حاشیہ اول

ء سترہ سو انسٹھ مین صوبہ داری صوبہ ثلاثہ بنگالہ اور
بہار و اوڑیسہ کی بنام شاہزادہ پسر عالمگیر ثانی کی جو بعد ازان
بادشاہ اور ملقب بشاہ عالم ثانی ہوا مقرر ہوئی وہ معہ
لشکر کی پٹنہ کو روانہ ہوا اور اس شہر کو حصار کر لیا یورش شد
ومع شاہزادہ نی اگرچہ حسب دلخواہ نہ کیا تہا لیکن باوجود
اسکی بہی وہ شہر قبضہ اولیاء دولت شاہزادہ مین آجاتا اگرچہ
نواب اودہ از راہ فریب کی نکہلا بہیجا کہ اعانت شہزادہ عالم
پناہ کی لئی آتا ہون اور دغا کر کر قلعہ الہ باد کو تسخیر کرنا چاہتا
خبر سنکر محمد قلیخان نواب الہ آباد جسکی ہاتہہ سی تمام تعلقہ
شاہزادہ کی ہوتی تہی اور وہی اسکا مددگار تہا اپنی تختگاہ
کی چہوڑانی کی لئی چلا آیا جب شاہزادہ بیکس کا کوئی یار و
نکوئی چارہ نہ دیکہا انہی کلاو صاحب

روایت حفظ لکہا اور ... روپیہ طلب کیا جسکو صاحب موصوف
نی فوراً پیش کیا دوسری سال وزیر عماد الملک نی اس ہنگام
مین کہ افغان متصل تختگاہ کی آگئی تہی شاہ عالمگیر کو مار ڈالا
شاہزادہ نی تسخیر بنگالہ کو جاتی ہوئی اسباب تجمل اور لقب
شاہنشاہی کا لیا وہ اگرچہ فتح یاب نہوا لیکن اوسنی بعد
کئی شکستون کی انگریزون سی اعانت لیکر سنہ سترہ سو پینسٹہ
مین الہ آباد اور کوڑہی پر قابض ہوا اور اوسنی بہی دیوانی
بنگالہ و بہار و اوڑیسہ کی عطا کی وہ برخلاف مرضی انگریزون
کی نواب اودہ اور مرہٹون سی جاملا اور اونکی مدد سی
وہ دوبارہ تختگاہ دہلی پر جو سنہ سترہ سو ساٹہہ سی قبضہ
ابدالیون یا رہیلون مین تہی مسلط ہوا

حاشیہ دویم

رہیلون کی غارت اور لوٹ کی لئی انگریزون نی سنہ
سترہ سو بہتر مین شجاع الدولہ نواب اودہ ... کی اور
اوسنی تنخواہ فوج انگریزی کی اپنی ذمہ

جو تاریخ مین مرقوم ہی بہت بیجا ہی نواب اودہ نی یہہ ایک

حیلہ اوٹہایا کہ رہیلون نی وہ روپیہ جسی اونہون نی عوض

ہماری حمایت کی دینا اقرار کیا تہا نہین دیا اور حقیقت مین

وہ روپیہ اونکی ذمہ پر واجب نہ تہا کیونکہ اوسنی اونکی کچہہ حمایت

نہ کی ماہ فروری مین ایک فوج بسرداری کرنیل چمپین کے

رہیل کہنڈ کو بمطلب جنگ روانہ ہوئی اور تیسوین اپریل

کو کرنیل مذکور نی چالیس ہزار رہیلون کو مع حافظ اونکی

سردار کی متصل بابل نالہ کی شکست دی وزیر فاصلہ

سی کہڑا رہا اور میدان جنگ مین شریک نہوا لیکن بعد

حصول فتح کی اسنی تمام ملک کو لوٹا اور غارت کیا

حاشیہ سیوم

رئیسان ہند مین سی کسینی موافق حیدر علی کی انگریزون

سی مقابلہ نہین کیا تہا اور وہ اوس سی بہت خائف تہی

ابتدا مین وہ کم اشخاص معززین وحمندزمین سی نہ تہا بلکہ

ایک غریب ... اوسکی تحصیل مین پانسو سوار زیر حکم اسکی

مشتین ہوئی اور بعد اوسکی اوسنی فوج شاہی میسور مین ایک عہدہ
پایا اسنی اپنی دستگیری اور ولی نعمت کو اوسکی عہدہ سے
معزول کرایا اور آخر کو آپ مالک تخت ہوگیا سنہ سترہ سو
سات مین اسنی فرانسیسون سی صلح کرلی اور اونسی مدد لینی
واسطی پونڈچیری کو آیا لیکن انگریزون نی اوسی ہٹا دیا سنہ
سترہ سو سٹ اور سترہ سو اٹھہتر مین پہر وہ انگریزون
سی لڑا اور بعد اظہار بہت سی فنون سپاہ گری کی اوسنی
دور تک فوج انگریز کا تعاقب کیا اور دفعۃً چھہ ہزار
سوار سی متصل مدراس کی آ ظاہر ہوا چوتھی اپریل کو اوسنی
کچھہ شروط باب صلح مین کہ جسمین بہبودی اور فائدہ قلیل
انگریزونکا متصور تھا گورنمنٹ یعنی حاکم اعظم مدراس سے
لکھہ بھیجین جسی اوسنی جبراً قبول کیا اور اوسنی لڑائی سنہ ۱۷
مین بر خلاف مرضی انگریزون کی مرہٹون سی صلح کی
اور سات جھپٹ ایک لاکھہ آدمیون کی جسمین سی کچھہ زیر
حکم فرانسیسون کی تھی مدراس کو چلا [illegible] علی گرد و نواح

بہت سالوں تک حیدر علی نے ساتوین دسمبر سنہ سترہ سو بیاسی کو اس
عالم فانی سے طرف عالم جاودانی کے کوچ کیا اور ٹیپو بیٹا اوسکا
بجاے اوسکے تخت نشین ہوا

حاشیہ چہارم

چیت سنگھ راجہ بنارس کو انگریزون نے سنہ سترہ سو ستر
مین خلاف مرضی نواب اودہ کے جسنے بعد مرنے باپ راجہ
موصوف کے چاہا تہا کہ اوسکے اضلاع پر آپ قابض ہو جاوے
مسند نشین کیا چیت سنگھ نے خراج موافق وعدہ کے
دیا کیا لیکن سنہ سترہ سو اٹہتر مین اونہون نے علاوہ اوسکے
کچھہ فوج واسطے مدد کے طلب کی جسکا اونہون نے عذر کیا کہ مجھہ مین
اسکا مقدور نہین ہے اور اسطرح سے گریز کیا سنہ سترہ سو
اکاسی مین ہسٹنگز صاحب متوجہ بنارس کے ہوئے اور راجہ
فرمان واسطے گرفتاری راجہ کے بہیجا لیکن فوج باغی ہو گئی
اور قریب دو کینی سپاہیون کی معہ اپنے افسرون کے
مارے گئے راجہ نے انجام کار شکست پائی اور اپنے ملک کو

چھوڑکر بھاگ گیا سنگر صاحب اسکار سی فراغت کرکر
بمطلب دریافت حساب اس روپیہ کی جو کمپنی کو نواب اودھ سی
لینا تھا ملک اودھ کو روانہ ہوئی جاگیرات بیگمات کو جنمیں سی
ایک والدہ نواب کی تھی بانجملہ کہ وہ سرکشی چیت سنگہ مین
شریک تھین اور اس مین اونہون نی مدد کی تھی فرق کرلینی
نواب نی اون سی جتنا نقد اسباب ہات لگ سکا لیا اور اوسکو
قرضہ انگریزون مین ادا کیا

حاشیہ پنجم

ٹیپو سلطان میسور عقل و فراست اور فن سپاہگری مین
حیدر علی سی بہت کم تھا اور موافق اپنی باپ کی وہ بھی انگریزون
کا بڑا دشمن تھا اوسنی بسنہ سترہ سو بیاسی (۱۷۸۲) مین تخت سلطنت
پر جلوس کیا اور صلح سنہ سترہ سو چوراسی (۱۷۸۴) تک وہ لڑتا رہا
بسبب حملہ ٹیپو سلطان کی تراوان کور پر ایک دوسری
لڑائی انگریزون سی واقع ہوئی اور اسمین آدہا ملک سلطان
ٹیپو کا اوسکی قبضہ سی نکل گیا چنانچہ یہ گمان اسیر غائب تھا کہ

کہ انگریز اسکی باقی ملک لینی کی لئی قابو دیکھہ رہین ہین اس
واسطی اسنی فرانسیسون سی مدد چاہی اور چاہتی تہی سنہ ۱۷۹۹ سترہ
سو ننانوی مین بیچ تختگاہ سرنگاپٹم کی جسکی حفاظت مین وہ
سعی کرتا تہا مارا گیا

حاشیہ ششم

صلح سنہ اٹھارہ سو دو مین پیشوا نی جو ایک بہی بڑا نامی
سردار مرہٹون کا گنا جاتا تہا کچھہ اضلاع وجہ تنخواہ فوج
انگریزی مین جو ہمیشہ اوسکی ممالک محروسہ مین رہتی تہی مقرر کیے
اور اس بات کا عہد کیا کہ مین اپنی آیندہ کو کبھی نہ لڑون گا
بلکہ جو قضایا کہ مجھی اور رئیسان ہند سی درپیش ہونگی بطور
صاحبان عالیشان انگریزون کی جو دیار ہند پر مسلط ہین
فیصلہ پا دینگی دوسری ریاستون مرہٹون کو اس صلح سی
خوف پیدا ہوا خاصکر سندہیہ اور راجہ برار بہت سے
ہراسان ہوئی اور اونہون نی جلد طرز دہمکانی کی جو موجب
جنگ کا ہوئی اختیار کی اس مہم جنگ مین بیچ ہندوستان

کی اور بہی بہت سی فتح انگریزون کی ہوئین اونہین سی آگرہ
پر لارڈ لیک فتح یاب ہوئی اور دہلی قبضہ انگریزون مین
آگئی سنہ سترہ سو اٹہاسی مین دہلی برائی نام شاہ عالم کی
قبضہ مین تہی اور غلام قادر امیر الامرا اختیار کل رکہتا تہا
جبکہ اس سال مین مرہٹی اوس پر حملہ کرتی آئی امیر الامرا
غلام قادر نی یہہ سمجہکر کہ شاہ عالم مرہٹون سی موافقت
رکہتا ہی اوسکی آنکہین نکالین اور خزانہ لوٹا اور خبر قریب
پہنچنی سندہیہ کی لشکر کی بہاگا اس طرح سی سندہیہ نی اس
شاہ پر جو وارث تخت ہند تہا غلبہ پایا اور تمام اضلاع کا
جو اس وقت اوسکی زیر حکم تہی مالک ہو گیا غلام قادر
آگرہ مین جاکر چہپا اور اوسکو سندہیہ نی محاصرہ کر لیا
اور وہ بہاگتی ہوئی پکڑا گیا سندہیہ نی اوسی ایک
پنجرہ مین بند کیا اور اوسکی کان ناک ہاتہ پاؤن
کٹوا کر اندہا کیا اور اوسی حالت مین دردوالم سی وہ مرا اگرچہ
شاہنشاہ کو سندہیہ نی قلعہ مین رہنی کی رخصت دی

ہی ہتی اور یہی برای نام حکومت اوسکی دہلی اور تہوڑی
سی اوسکی مضافات مین مقرر کی لیکن وہ ایسی حالت افلاس
مین تہا کہ بجای اوسکی اپنا کہانی پہننی کی بہ احتیاج ہی اوسی اور
اوسکی خاندان کو میسر ہوتا تہا ایک قلعہ دار اوسکی نگاہ
بانی کی لئی قلعہ مین رہتا تہا تاکہ وہ دور کہین یہان سی جانی
پای جنرل پیرون فرانسیس سندیہ کی طرف سی حاکم
اس ضلع کا تہا اور اوسنی شاہ بیکس کی حق مین کچہ بہلائی
کی تہی حال شاہنشاہ کا جب انگریز دہلی پر قابض ہوئی
بہ نسبت سابق کی بہتر ہو گیا آرام جو حالت قید مین روپیہ
سی ہوسکتا ہی اوسی میسر تہا اور یہی مصایب جسمی سی
محفوظ اس سی خوب تر اس خاندان کی لئی کیا ہوسکتا تہا
جنکی حشمت و شوکت ایک سو برس یعنی وفات اورنگ
زیب سی روز بروز زوال مین تہی اور یہی اونہین اتنا
حوصلہ نہ تہا کہ وہ رعیت اپنی کو غارت اور جلون حشر دین
سی بچا دین اور وہ تابع اہل ملازمین کی ہو گئی تہی بندہ

لاکھہ روپیہ سالیانہ شاہنشاہی کی مقرر ہوئی اور اوسکی
سوا کچھہ اور مواضع جنگی شاید ایک یا دو لاکھہ روپیہ کے
تحصیل ہی ملی لیکن اُسی کچھہ حکومت مین مداخلت نہین ہے
سنہ اٹھارہ سو چار مین ہولکر اغلب تہا کہ دہلی پر قابض
ہوجاتا وہ لارڈ لیک سی پہلی چھپ کر مقابلہ فصیل شہر کا ا
مع لشکر کی آیا فوج انگریزی اگرچہ یہان بہت تہوڑی
تہی لیکن انہون نی زیر حکم ڈیوڈ اکٹرلونی صاحب کی
بہت شجاعت و بہادری سی مقابلہ کیا اور دشمن کو ہٹا دیا

حاشیہ ہفتم

بعد اختتام بانی اس تواریخ کی دو بڑی لڑائیان یعنی جنگ
افاغنہ اور اہل چین واقع ہوئین باعث جنگ افاغنہ کا
یہہ ہی کہ دوست محمد خان والی کابل اور شہنشاہ روس
مین کچھہ شروط موسومہ ہو گئین اور گمان تہا کہ اس سبب
سی ایک فوج اہل روس کی افغانستان مین واسطی کمک
خان موصوف کی آنیگی یہہ پشاور جو زیر حکومت تخت

ـت سنگہ تہا یہہ سلطنت افغانیہ بیر آجاوی انگریز
ہیں اس بلاد کی ارادہ روسیون سی اندیشناک
ی اور انکی چہپا یہہ زمین یعنی اس طرف ہند وکش کی
ارنہ ہہی ارادہ اخراج دوست محمد خان کا کابل
وجب اتفاق رنجیت سنگ اور شاہ شجاع ہو والی
ی کابل کا ہوا جنگ چین کمپنی کی طرف سی نہین
ی بلکہ بنام شاہزادی انگلستان کی ہوئی چند سال
ورنمنٹ بنگال مین افیون بوئی جاتی ہی اور کلکتہ
مین اسکا نیلام ہوتا ہی خریداروں کو اختیار ہی کہ جہان
چاہین اپنی مبیعہ کو بہیجین لیکن حقیقت مین اوسکو ہر شخص
جانتا ہی کہ وہ تمام چین کو جایا کرتی ہی اگرچہ شاہ چین
نی اس بات کی ممانعت کی ہہی کہ افیون ہماری قلمرو
مین نہ لائی جاوی تجار بنگالہ بی کفایت سرکار کمپنی کی
اپنی قوت بازو پر بہروسا کر اور خصوصاً چشم پوشی حکام
چین سی افیون خفیہ وہان لی گئی کمشنر لن کو شاہ چین

نی کنفشن کو روان کیا تا وہ جا کر وہان افیون کو خفیہ آگ
دی اوسنی جمیع سوداگران اور بہی اس شخص کو جو
شاہزادی انگلستان کی طرف سی حاکم اشیا مجوزہ
بالتجارت کا تہا گرفتار کر لیا اور کہا کہ اگر وہ کشتیان
جو خفیہ مجرا ہون کی یہان آئین ہین اور انکو مین پکڑ
نہین سکتا ہون میری حوالہ نکر دوگی تو مین سب کو جو
وہ شریک امر ممنوع ہون یا نہون قتل کر ڈالونگا کپتان
الیٹ صاحب نی یہہ احوال دیکہکر انکی جواب دہی کا
آپ کفیل ہوا اور کہا کہ جو شخص خفیہ یہان افیون
لائی ہون وہ بی خوف اوسکی حوالہ کریں اونہون
نی اس اعتماد پر کہ گورنمنٹ انگریزی بسبب کہنی الیٹ
صاحب کی ذمہ دار مال ہماری کی ہوگئی ہی اور جسکو
وہ درصورت تلف ہو جانیکی ادا کریگی سپرد کر دیا

[illegible] م افیون کو جو اوسی دی گئی تھی برباد کی لیکن اب
[illegible] سی بی حصول خوشنودی اور عوض ہتک وکیلان شاہ
[illegible] ی اگر کپتان الیٹ بخوبی اظہار [illegible] نگی کرتا تو
[illegible] ای کو ہوئی اغلب تھا کہ ایک [illegible] ہوتا لیکن
اوسنی دانستہ یا بسبب اوسکی کہ اوسی اختیار [illegible] اکیلے
بڑی مقدمات مین دست انداز ہوئی اراده نکیا جس بات
مین کہ اہل چین کی طرف سی صلح پائی جاتی تھی اوسی وہ
قبول کر لیتا تھا کئی بار اس طرحسی اہل چین نی اوسی فریب
دیا اور کہ اونہون نی ایک کرور روپیہ دیا تھا کہ
کنٹین حملہ سی محفوظ رہی انہین ایام مین کپتان الیٹ کی
وہان سی بدلی ہوگئی اور بجائی اوسکی ایک اور صاحب
جلیل القدر بھیجی گئی اور قریب ہی کہ وہ جنگ کو اختتام
[illegible] دیگا اور ظاہر کر دیگا کہ حکم انگریزون کا نہ خوف اہل
[illegible] غفلت اور سستی جو ظہور مین آئی تھی ہوا